
# ٹیچرز گائیڈ

## چھلکا

کلاس 3 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

5 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ ہر سبزی یا پھل جو ہم کھاتے ہیں ان پر مختلف قسم کے چھلکے ہوتے ہیں۔ آج ہم چھلکوں کے بارے میں ایک کتاب پڑھیں گے۔

  - بچوں کو کتاب کا ٹائیٹل دکھائیں اور اس پر بات چیت کریں۔ پوچھیں ٹائٹل کی تصویر سے کیا ظاہر ہو رہا ہے؟ اگر انہیں ٹائٹل اچھا لگا ہے تو اس میں کیا چیز اچھی لگی اور اگر پسند نہیں آیا تو اس کی وجہ پوچھیں۔ مگر بچوں کی رائے سے اختلاف نہ کریں۔

15 منٹ
- پہلے خود تاثرات کے ساتھ کتاب پڑھ کر سنائیں۔ ہر صفحہ پڑھنے کے بعد بچوں کو اس صفحے پر بنی تصاویر دکھائیں۔ اس پر گفتگو کریں اور بچوں کی رائے لیں۔

  - 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ کی پڑھائی میں ان کی مدد کریں۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کتاب میں دیکھ کر بتائیں کہ چھلکے کتنے رنگوں کے ہیں۔ بچے جو رنگ بتائیں انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچوں سے پوچھیں کتاب میں دیئے گئے رنگوں کے علاوہ اور کون کون سے رنگ ہوتے ہیں؟ بچے جن رنگوں کے نام لیں انہیں بھی لسٹ میں شامل کریں۔ بعد میں رنگوں کے نام انگریزی میں بھی لکھیں۔

| colour | رنگ | colour | رنگ |
|---|---|---|---|
| white | سفید | red | لال |
| black | کالا | purple | جامنی |
| blue | نیلا | orange | نارنجی |
| pink | گلابی | green | ہرا |
| brown | بھورا | yellow | پیلا |

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ رنگوں کے انگریزی اور اردو نام اپنی کوپی میں لکھیں۔

# سیشن 2

20 منٹ

- بورڈ پر 3 کولم بنائیں اور ان میں ترتیب وار پھل، میوہ (nuts and dried fruit) اور سبزی کا عنوان لکھیں۔

- بچوں کی مدد سے کتاب میں دیئے گئے پھل، میوہ اور سبزی کے نام علیحدہ علیحدہ کولم میں لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر مزید پھل، میوہ اور سبزی بھی لکھیں۔ بعد میں ان کے نام انگریزی میں لکھیں۔

- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے پھل، میوہ اور سبزی کے نام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| پھل | fruit |
|---|---|
| مالٹا | orange |
| آم | mango |
| تربوز | watermelon |
| انگور | grapes |
| اناناس | pineapple |

| سبزیاں | vegetables |
|---|---|
| پیاز | onion |
| ٹماٹر | tomato |
| کریلا | bitter gourd |
| پھول گوبھی | cauliflower |
| بند گوبھی | cabbage |

| میوہ | nuts and dried fruit |
|---|---|
| پستہ | pistachio |
| اخروٹ | walnut |
| مونگ پھلی | peanut |
| کاجو | cashew nut |
| چھوہارا | dried date |

20 منٹ

- بچوں سے پوچھیں ذائقے کتنی قسم کے ہوتے ہیں۔ بچوں کے ممکنہ جواب ہوں گے:

میٹھا کڑوا کھٹا نمکین کھٹا میٹھا

- ہر قسم کے ذائقے کے پھل، سبزی اور کھانے کی دیگر چیزوں کی مثالیں پوچھیں۔ خود بھی چند مثالیں بتائیں۔ جیسے : میٹھا آم کڑوا کریلا کھٹی املی نمکین سموسہ

- مختلف ذائقوں کے حوالے سے کلاس میں ایک activity کرائیں۔ 6 - 5 بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ذہن میں کوئی ذائقہ سوچیں اور چہرے کے تاثرات سے دوسرے بچوں کو بتائیں کہ وہ کس ذائقے کی چیز کھا رہے ہیں۔ کلاس کے دوسرے بچے اندازہ لگا کر جواب دیں کہ ایکٹنگ کرنے والا بچہ کس قسم کے ذائقہ کے بارے میں ایکٹنگ کر رہا ہے۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ جواب دینے کے لئے ہاتھ اٹھائیں۔ ٹیچر ایکٹنگ کرنے والے بچوں اور جواب دینے والے بچوں کا انتخاب خود کریں تاکہ کلاس میں شور نہ ہو۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- پھلوں اور سبزیوں کے ناموں سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 3

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔ دیئے گئے الفاظ میں سے کسی بھی 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

15 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ نیچے دیئے گئے نکات کے مطابق کسی بھی پھل / سبزی کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کریں۔ اس کام کے لئے اپنے امی ابو سے مدد لیں۔ پھل یا سبزی کی تصویر بنائیں۔

## ریسرچ کے لئے نکات

1) پھل / سبزی کا نام اور رنگ؟

2) یہ پھل / سبزی کس موسم میں ہوتی ہے؟

3) کیا اسے چھلکوں سمیت کھایا جاتا ہے یا چھیل کر کھاتے / پکاتے ہیں؟

4) کیا اسے کچا کھاتے ہیں یا پکا کر؟

5) کیا یہ سبزی / پھل آپ کو پسند ہے یا نہیں؟

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ رپورٹ کی تیاری کے لئے بورڈ پر لکھے گئے نکات اپنی کوپی میں لکھیں۔ سیشن 6 میں اپنی رپورٹ لے کر آئیں۔

# سیشن 4

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کتاب میں دیکھ کر بتائیں کہ چھلکوں کے رنگوں کے علاوہ کتاب میں ان کے بارے میں اور کیا کیا بتایا گیا ہے۔ بچوں کے متوقع جوابات ہو سکتے ہیں کہ چھلکے کئی طرح کے ہوتے ہیں جیسے:

موٹا　　باریک　　سخت　　نرم　　نوکیلا　　میٹھا　　کھٹا　　کھردرا　　چکنا

- بچوں سے چند ایسے پھلوں / سبزیوں کے نام پوچھیں جو کتاب میں شامل نہیں جیسے:

آلو　　مٹر　　بادام　　لوکی　　توری　　چیکو　　انار

- بچوں سے پوچھیں کہ ان سبزیوں اور پھلوں کے چھلکے کیسے ہوتے ہیں؟ بچوں کو سوچنے اور جواب دینے کے لئے وقت دیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں اور جہاں ضرورت ہو وہاں ان کی مدد کریں۔

20 منٹ

- بورڈ پر 2 کولم بنائیں۔ پہلے کولم میں کتاب میں دیئے گئے پھلوں / سبزیوں کے نام لکھیں۔ دوسرے کولم میں ان کے چھلکوں کی صفات اوپر نیچے کر کے لکھیں۔ بچے یہ کام کوپی میں اتاریں اور پھل / سبزی کے چھلکے کو اس کی صفت کے مطابق لائن لگا کر ملائیں۔


| پھل / سبزی | چھلکے کی قسم |
|---|---|
| اناناس | دانے دار |
| کینو | موٹا |
| شریفہ | مخمل جیسا |
| اخروٹ | نوکیلا |

| پھل / سبزی | چھلکے کی قسم |
|---|---|
| تربوز | کھردرا |
| کیلا | ٹیڑھا میڑھا |
| لیچی | چکنا چکنا |
| آڑو | نرم |

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں کسی 1 پھل/سبزی کی ڈرائنگ بنائیں اور اس ڈرائنگ میں پھل یا سبزی کی 3 خصوصیات لکھیں۔ نیچے دی گئی مثال کے مطابق بورڈ پر ڈرائنگ بنا کر سمجھائیں۔

**انگور**



# سیشن 5

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کبھی خریداری کرنے اپنے امی ابو کے ساتھ بازار جاتے ہیں؟
  - بچوں کا جواب سننے کے بعد ان سے پوچھیں کہ جب کبھی وہ پھل خریدنے جاتے ہیں تو کیا دکاندار انہیں پھل وزن کر کے دیتے ہیں یا گنتی کر کے؟ چند پھلوں کا نام لے کر باری باری یہ سوال پوچھیں جیسے: کیلا آم خربوزہ۔
  - بچوں سے کہیں کہ چند ایسی چیزوں کے بارے میں بتائیں جو وزن کر کے دی جاتی ہیں۔
  - بچوں سے کہیں چند ایسی چیزوں کے بارے میں بھی بتائیں جو گنتی کر کے دی جاتی ہیں۔ مثالیں سوچنے میں بچوں کی مدد کریں۔

20 منٹ

- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک کولم کا عنوان **وزن کر کے ملنے والی چیز** اور دوسرے کولم کا عنوان **گنتی کر کے ملنے والی چیز** لکھیں۔ بچوں کی بتائی ہوئی اشیاء کو عنوان کے مطابق کولم میں لسٹ کریں۔
  - بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے کام کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| وزن کر کے ملنے والی چیز | گنتی کر کے ملنے والی چیز |
|---|---|
| انگور | کیلا |
| سیب | مالٹا |
| دودھ | سموسے |
| چاول | انڈے |
| ٹماٹر | پنسلیں |
| آٹا | چوڑیاں |

15 منٹ

- کتاب میں دیئے گئے ایسے الفاظ، جن کی ضد ہوتی ہے، چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی ضد پوچھیں اور بورڈ پر الفاظ کی صحیح ضد لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| موٹا | پتلا |
| میٹھا | کڑوا |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| نرم | سخت |
| کھلا | بند |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| اندر | باہر |
| دھوپ | چھاؤں |

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- سیشن کے آخر میں بچوں کو یاد دلائیں کہ اگلے سیشن میں وہ اپنی ریسرچ رپورٹ مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن 6

15 منٹ

- باری باری بچوں کی بنائی ہوئی ریسرچ رپورٹ دیکھیں اور ان کی کوشش کو سراہیں۔

30 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی ریسرچ کے بارے میں کلاس کے دوسرے بچوں کو بھی بتائیں۔ ہر بچہ باری باری اس سبزی / پھل کے بارے میں 3 - 2 باتیں بتائے جس پر اس نے ریسرچ کی ہے۔

- ہر بچے کو باری باری اپنی ریسرچ کے بارے میں بتانے کے لئے کلاس کے سامنے بلائیں۔ آخر میں سب بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

# چھلکا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi; Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk